آئین

بلوچستان عوامی پارٹی

(B.A.P)

(بی۔اے۔پی)



تحریر وترتیب:۔

سید محمد اسلم شاہ ★ ★ ★ سید حسنین ہاشمی

شاہ زمان خان غلزئی

Size: A-4

اغراض و مقاصد

۱۔ صوبہ بلوچستان میں تمام قسم کے تعصّبات (قبائیلی ،لسانی ، مذہبی ،صوبائیت) کے خاتمے کے لیے جدو جہد کرنا ، باہمی رواداری اور یگانگت کے فروغ کے لیے عملی جدو جہد کا آغاز کرنا۔

۲۔ اٹھارویں ترمیم کے تحت مکمل صوبائی خودمختاری کا حصول ،

۳۔ تمام اضلاع میں برابری کی بنیاد پر ترقی کے عمل میں لوکل کمیونٹی کی شراکت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرنا۔

۴۔ آپس میں باہمی یگانگت ، بھائی چارے ، مساوات ، اتحاد و یکجہتی کو فروغ دینا ،

۵۔ جدید علاج معالجے کی بنیادی سہولیات عام عوام تک پہنچانا۔

۶۔ عدلیہ کے وقار کی پاسداری اور عوام کو سستا اور تیز انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا۔

۷۔ یکساں تعلیمی مواقعے فراہم کرنا اور بہتر معیار تعلیم کے لیے صوبے میں جدید سائنسی تحقیقی اور تیکنکی تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں لانا۔ موجودہ تعلیمی نصاب کو جدید تقاضوں سے اہم آہنگ کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنا۔

۸۔ تیز رفتار اقتصادی ترقی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے مظبوط اور قابلِ عمل ڈھانچے کی تشکیل اور مضبوط اور قابل عمل معاشی پالیسوں کو ترتیب اور ان کی فراہمی کو یقینی بنانا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Allied Bank Ltd. Original Seen
Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

۹۔ تیز رفتار اقتصادی زرعی اور صنعتی ترقی کے ذریعے روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنا۔

۱۰۔ صوبے میں غیر ملکی سرمایہ کے لیے سازگار حالات و مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کرنا۔

۱۱۔ زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی شرکت اور ترقی کے عمل میں ان کی صلاحتوں سے مستفید ہونے کے لیے ٹھوس اور قابلِ عمل اقدامات کرنا۔

۱۲۔ آئین کے مطابق اقلیتوں کی نمائیندگی اور ان کے مذہبی احترام اور تحفظ کو یقینی بنانا۔

۱۳۔ فوری اور سستے انصاف کو یقنی بنانے کے لیے عدالتی اصلاحات کو متعارف اور اس کے نفاذ کو یقینی بنانا۔ احتساب انصاف کے تقضوں کے مطابق۔

۱۴۔ عام آدمی کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنا۔

۱۵۔ امن و امان کے لیے ہر قسم کے جدید علوم و مشنیری سے استفادہ کرنا۔ اور پارٹی کی ترجیعات میں امن و امان کو فوقیت حاصل ہوگی۔

۱۶۔ بلوچستان کی ثقافت کے تحفظ اور فروغ کے لیے بلوچستان عوامی پارٹی عملی جدو جہد کرے گی۔

۱۷۔ حکومت کی انتظامی امور میں بہتری لانا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Original Seen
Allied Bank Ltd
Ejaz Haider Tareen
IBS # 3214

آئین

1.1 پارٹی کا نام بلوچستان عوامی پارٹی ہوگا۔

1.2 پرچم

1.3 پرچم کا رنگ۔ سبز اور سفید

دوسرا باب

رکنیت

2.1 ہر پاکستانی جس کی عمر کم از کم 18 سال ہو، پارٹی منشور اور نظریے سے اتفاق کرتا ہو، پارٹی کارکن بن سکتا ہے۔ پارٹی رکنیت حاصل کرنے کے لیے فارم پُر کرنا ہوگا۔ اور 50 روپے رکنیت فیس ادا کرنا ضروری ہے۔

2.2 رکنیت فیس ادا کرنے کے علاوہ رکن پر لازم ہوگا کہ وہ باقاعدہ چندہ ادا کرے (ماہانہ چندے کا تعین رکن خود اپنی آمدنی کے لحاظ سے رکنیت فارم پر کرتے وقت کرے گا)۔ پارٹی یا پارٹی کے مختلف پروگراموں میں سے کسی ایک کے میں باقاعد شرکت کرے۔ جو رکن پارٹی امور میں شریک نہیں ہوگا اور باقاعدہ چندہ ادا نہیں کرے گا، وہ پارٹی انتخابات میں حصہ لینے یا ووٹ دینے کا حقدار نہیں ہوگا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

(2)

تیسرا باب

پارٹی ڈھانچہ

پارٹی کا دائرہ کار پورا پاکستان ہوگا، پارٹی کے مرکزی ڈھانچے میں مندرجہ ذیل ادارے ہونگے۔

1. مرکزی جنرل کونسل
2. اعلیٰ مشاورتی کمیٹی
3. مرکزی کمیٹی
4. مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی
5. مرکزی طرز پر حسب ضرورت ضلعی، اور شہری ادارے ہونگے۔
6. پارٹی صوبائی ڈھانچہ مرکزی کمیٹی کی حسبِ منشاٗ تشکیل دی سکے گی۔

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

3.1 جنرل کونسل

(i) جنرل کونسل پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ ہوگا۔ جنرل کونسل کا اجلاس سال میں ایک مرتبہ منُعقد کیا جائیگا۔ پارٹی سیاسی و تنظیمی حکمت عملی طے کریں گی۔ مرکزی جنرل کونسل کے ممبر ہی کو ووٹ کا حق ہوگا۔ ان ممبران کا انتخاب تمام ضلعی اکائیوں کی جنرل کونسل اپنے عہدیداروں میں سے کریں گے۔ ماسوائے پہلی جنرل کونسل کا اجلاس جس کے لیے مختلف اضلاع یا صوبائی انتخابی حلقوں سے آٹھ، آٹھ ممبران اور اُن کے علاوہ مختلف پارلیمنٹرین [illegible] صوبائی وقومی

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

اسمبلی جو پارٹی کے بانی ممبران میں سے ہو گے۔ جنرل کونسل کے ممبران ہوں گے۔ ضلعوں میں سے ممبران کی نمائندگی اور تعداد برابری کے اصولوں پر ہوگی۔ البتہ جن ضلعوں میں پارٹی اراکین کی تعداد بہت کم ہے وہاں سے ممبران کی تعداد کا فیصلہ مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی۔ جنرل کونسل کی تعداد زیادہ سے زیادہ 400 ممبران پر مشتمل ہوگی۔ تمام ونگز کے صدور، و جنرل سیکریٹریز بلحاظ عہدہ جنرل کونسل کے ممبر ہوں گے۔ اور بلوچستان عوامی پارٹی کے وہ تمام پارلیمنٹرین (سینٹرز، قومی وصوبائی اسمبلی) کے ممبران بلحاظ عہدہ جنرل کونسل کے ممبران ہو گے۔ تمام ضلعی، کے صدور و جنرل سیکرٹریز بلحاظ عہدہ جنرل کونسل کے ممبر ہوں گے اور اس کے علاوہ ہر ضلع سے مزید چھ چھ ممبران لیے جائیں گے۔

(ii) مرکزی کونسل میں پیش کی جانے والی مرکزی و ضلعی کمیٹیوں کی رپورٹوں اور قراردادوں کے مسودے جنرل کونسل میں پیش ہو سکتے ہیں۔

(iii) جنرل کونسل کو چلانے کا انتظام اسٹیڈنگ آرڈر کمیٹی (SOC) کرے گی جس کا انتخاب جنرل کونسل سے پہلے منعقد ہونے والی مرکزی کمیٹی کرے گی۔ (SOC) تین ساتھیوں پر مشتمل ہوگی۔ یہ کمیٹی کونسل کا اجلاس باقاعدہ شروع ہونے سے قبل جنرل کونسل چلانے کی تجاویز کو پیش کر کے منظوری لے گی۔

(iv) جنرل کونسل میں تمام فیصلے سادہ اکثریت سے کئے جائیں گے البتہ منشور و دستور کی ترمیم کے لیے 60 فیصدا کثریت درکار ہوگی۔

Ejaz Haider
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

42

3.2 اعلیٰ مشاورتی کمیٹی

آئین (منشور) پر عمل درآمد کرنے کیلئے بھرپور عملی اقدامات عمل میں لاتے ہوئے مواقع فراہم کرے گی اور پارٹی میں کسی بھی قسم کے اختلافات کی صورت میں ان کا حل پیش کرے گی اور یہ اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کسی بھی ہنگامی صورت میں مرکزی جنرل کونسل کا اجلاس طلب کرسکتی ہے یہ کمیٹی پارٹی آئین کے مطابق کلیدی حیثیت کی حامل ہوگی اور کسی بھی سیاسی جماعت یا اہم شخصیات سے پارٹی کے اغراض ومقاصد کے حصول کے لئے پارٹی کے اہم مفاد میں مزاکرات اور عملی اقدامات کریگی جس کی توثیق بعد میں اگلے جنرل کمیٹی کے اجلاس میں حاصل کریگی یہ کمیٹی پارٹی مفاد میں صدر اور جنرل سیکرٹری کی مشاورت سے فوری اور ضروری ہونے کی صورت میں کوئی بھی نیا عہدہ یا ونگ اور حسب ضرورت اُس کی تشکیل دے سکتی ہے جس پر پارٹی کے کسی بھی ممبر کو نامزد یا تعینات کرسکتی ہے جس کی اگلے مرکزی کمیٹی کے اجلاس میں اس کی منظوری وتوثیق کروانا ضروری ہوگا یہ اعلیٰ مشاورتی کمیٹی چیئرمین سمیت پانچ رکنی ہوگی۔

Allied Bank Ltd. Original Seen
Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

3.3 خصوصی جنرل کونسل

کسی فوری یا اہم مسئلے پر مرکزی کمیٹی کی دوتہائی اکثریت کی رائے سے خصوصی جنرل کونسل کم ازکم 10 دن کے پیشگی نوٹس پر منعقد کی جاسکتی ہے۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

3.4 مرکزی کمیٹی

مرکزی کمیٹی جنرل کونسل میں پارلیمنٹرین، مرکزی کابینہ اور ضلعی صدور جنرل سیکریٹریز پر مشتمل ہوگی۔

جنرل کونسل کے بعد مرکزی کمیٹی پارٹی کا اعلیٰ بااختیار ادارہ ہوگا۔ اس کا اجلاس سال میں کم از کم دو دفعہ ہوگا۔ اور اجلاس کا کورم کل تعداد بیس 20 ہوگا۔ مرکزی کمیٹی کا خصوصی اجلاس وقتاً فوقتاً ہوگا۔ کمیٹی کے کل اراکین کی ایک تہائی کی تعداد درخواست پر بلایا جاسکتا ہے۔

(ii) مرکزی کمیٹی کو آئیندہ جنرل کونسل کے انعقاد تک، کسی خصوصی صورت کے تحت نئے ممبران کو مرکزی کمیٹی میں نامزد کرنے کا اختیار ہوگا

(iii) مرکزی کمیٹی کا کوئی رکن اگر کسی خاص یا اہم وجہ کے تحریری اطلاع کے بغیر متواتر تین اجلاسوں میں شریک نہیں ہوگا تو اس کی رکنیت خود بخود ختم ہو جائے گی۔ یہی اصول پارٹی کے نیچے کے تمام اداروں اور عہدیداروں کے لیے ہوگا۔

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

(iv) مرکزی کمیٹی میں خواتین کو ترجیح دی جائے گی اور یہی اصول پارٹی کے تمام اداروں کے لیے نافذ ہوگا۔

سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی۔

3.4 سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی پارٹی کے مرکزی عہدیداران، اور وہ تمام پارٹی کے منتخب پارلیمنٹرین بحثیت عہدہ اس کے ممبر ہوں گے صدر کی غیر موجودگی میں سینئر نائب صدر نمائیندگی کرے گا/ گی۔ ایگزیکٹو کمیٹی مرکزی جنرل کونسل اور مرکزی کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد کرانے کی ذمہدار ہوگی مرکزی کمیٹی سامنے جواب دہ ہوگی۔ کسی بھی سیاسی یا تنظیمی صورت حال میں ایگزیکٹو کمیٹی فوری فیصلے کرسکتی ہے۔ مگر بعد میں اس کی توثیق مرکزی کمیٹی سے ضرور ہوگی۔ پارٹی ممبران کے آپس کے اختلاف یا پارٹی کے دستور کے خلاف ورزی پر پارٹی رکن کو معطل کرنے اور تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات پر حتمی فیصلہ دینے کا اختیار رہوگا۔ مرکزی کابینہ کی مشاورت سے مزید ممبران کو شامل کیا جاسکتا ہے۔

3.6 مرکزی کابینہ

1. صدر	1
2. سینئر نائب صدر	6
3. نائب صدور	6

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

(6)

4.	جنرل سیکریٹری	1
5.	ایڈیشنل جنرل سیکریٹری	2
6.	ڈپٹی جنرل سیکریٹریز	6
7.	پارٹی ترجمان	1
8.	مرکزی آرگنائیزنگ سیکریٹری	1
9.	ڈویژنل آرگیازئیزنگ سیکریٹری	6
10.	سیکریٹری تعلیم وتربیت	1
11.	سیکریٹری مالیات	1
12.	سیکریٹری نشرواشاعت	1
13.	پولیٹکل ایڈویزر	1
14.	ایڈیشنل پولیٹکل ایڈویزر	1
15.	ایڈویزراورسینر پاکستانی	1
16.	ڈپٹی ایڈویزر اورسینر پاکستانی	1

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

Allied Bank Ltd. Original Seen

اس کے علاوہ پارٹی کے مندرجہ ذیل شعبے اور ونگز ہونگے۔

۱۔ یوتھ ونگ ۲۔ علماء ومشائخ ونگ ۳۔ طلباء ونگ

۴۔ کسان ونگ ۵۔ وکلاء ونگ ٦۔ لیبر ونگ

۷۔ کامرس ٹریڈ ونگ اینڈ انوسٹمنٹ ونگ ۸۔ اقلیتی ونگ

۹۔ اورسیز پاکستانی ونگ ۱۰۔ انجینیر ونگ ۱۱۔ خواتین ونگ

۱۲۔ ڈاکٹر ونگ ۱۳۔ کلچرل ونگ ۱۴۔ ویلجنس ونگ

۱۵۔ ریسرچ پلانیگ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ ۱٦۔ آئی ٹی ونگ

صدر۔

صدر پارٹی کا آئینی سربراہ ہوگا/ ہوگی، پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر گا/ گی اور پارٹی امور کو منشور و دستور کے مطابق چلانے کا پابند ہوگا/ گی۔

اعلیٰ مشاورتی کمیٹی اور جنرل سیکرٹری کے باہمی مشورے سے ونگز کے عہدیداروں کی نامزدگی کرسکے گا۔ فنانس سیکریٹری کی غیر موجودگی میں مالی امور کی انجام دہی کے لیے کسی بھی ممبر کو نامزد کرسکتا ہے۔

سینیئر نائب صدر۔

صدر کے فرائض میں معاونت کے علاوہ صدر کی عدم موجودگی میں پارٹی کے عہدے پر کام کرے گا/ گی۔ اور صدر کے تمام اختیارات وفرائض انجام دے گا/ گی۔

صدر کی غیر موجودگی میں سینیئر نائب صدر جو بھی فیصلہ کرے گا بعد میں آئینی صدر سے اس کی توثیق کروانا لازم ہوگا۔

Original Seen
Ejaz Haider
IBS # 324

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

نائب صدر۔

صدر اور سنئیر نائب صدر کی عدم موجودگی میں پارٹی صدر یا سینئر نائب صدر کسی بھی نائب صدر کو پارٹی کی صدر کے عہدے پر کام کرنے کے لیے کہے گا/ گی اور صدر کے تمام اختیارات اور فرائض انجام دے گا/ گی۔

جنرل سیکریٹری

پارٹی کے تمام تنظیمی امور کا انچارج ہوگا/ گی۔ مرکزی پارٹی کے تمام ریکارڈ مرتب کرنے کے علاوہ پارٹی کے مرکزی جنرل کونسل مرکزی کمیٹی اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے انعقاد اور انتظامی امور کے ساتھ ساتھ مرکزی و ضلعی اکائیوں کی تنظیموں سے رابطے اور پارٹی فیصلوں پر عمل درآمد ذمہ دار ہوگا/ گی۔

ایڈیشنل جنرل سیکریٹری

جنرل سیکریٹری کے کاموں میں معاونت کرے گا/ گی اور جنرل سیکریٹری کی عدم موجودگی میں ان کے فرائض سرانجام دے گا/ گی۔

Original Seen Allied Bank Ltd

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

ڈپٹی جنرل سیکریٹریز

ڈپٹی جنرل سیکریٹری پارٹی امور میں جنرل سیکریٹری اور ایڈیشنل جنرل سیکریٹری کی معاونت اور غیر موجودگی میں جنرل سیکریٹری یا ایڈیشنل جنرل سیکریٹری کے فرائض سرانجام دے گا۔ جنرل سیکریٹری کسی بھی ڈپٹی جنرل سیکریٹری کو جنرل سیکریٹری کے فرائض سونپ سکتے ہیں۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

48

پارٹی ترجمان

پارٹی منشور ودستور اور پارٹی فیصلوں کے مطابق سرپرست اعلیٰ، صدر اور جنرل سیکریٹری کے مشورے سے مختلف سیاسی معاملات پر پارٹی کا موقف بیان کرنے اور ترجمانی کے فرائض انجام دے گا/ گی۔

آرگنائزنگ سیکریٹری

پورے ملک میں پارٹی کو منظّم ومتحرک کرنے اور پارٹی کے تمام اداروں سے رابطے کا ذمہ دار ہوگا/ گی۔

ڈویژنل آرگنائیزنگ سیکریٹری

مرکزی آرکنائیزنگ سیکریٹری کی معاونت کریں گے، اور اپنے ڈویژن میں ضلعی کمیٹیوں کے انتخابات اور دیگر معاملات کی نگرانی کریں گے۔

سیکریٹری تعلیم وتربیت وکلچر

پارٹی اراکین کی نظریاتی وسیاسی تعلیم وتربیت کے علاوہ تاریخی، ادبی، تہذیبی وثقافتی امور کا بھی ذمہ دار ہوگا/ گی۔

Allied Bank Original Seen

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

سیکرٹری مالیاتی امور

مالیاتی امور کا ذمہ دار ہوگا/ گی آمدن واخرجات کی رپورٹ مرتب کرے گا/ گی۔ اور ماہانہ رپورٹ جنرل سیکریٹری کو پیش کرنے کا پابند ہوگا۔ مشترکہ اکاونٹ ہوگا، جس پر صدر، جنرل سیکریٹری، اور سیکریٹری مالیات میں کسی بھی دو عہدیداروں کے دستخط لازم ہو گے۔ تمام وصولیوں اور اخراجات کے اکاونٹ کو مینٹین کرنے کا پابند ہوگا۔ اور صدر، جنرل سیکریٹری جانب سے منظور کردہ ادائیگیاں کرنے کا پابند ہوگا۔

سیکریٹری نشرواشاعت

پارٹی کے اغراض ومقاصد، فیصلوں اور اسکے لٹریچر کی اشاعت کا ذمہ دار ہوگا/ گی، پارٹی کے نقطہ نظر کو تمام ذرائع ابلاغ میں فروغ دے گا/ گی۔

(۱) پارٹی کے ترجمان اور آرگنایزنگ سیکریٹری کے عہدوں کو چھوڑ کر یہی عہدیداران ضلعی سطع پر منتخب ہونگے۔

(۲) پارٹی کے مرکزی وضلعی سطع کے کسی عہدے پر کوئی لگاتار دو ٹرم سے زیادہ عرصے کے لیے منتخب نہیں ہوسکتا/ سکتی ہے، لیکن وقفہ کے بعد دوبارہ اس عہدے پر منتخب ہو سکتے ہیں۔ پارٹی کے تمام عہدیداروں کا انتخاب کا عرصہ تین 3 سال کے لیے ہوگا۔

(۳) کوئی بھی مرکزی عہدیدار اپنے عہدے سے مستعفی ہوسکتا/ سکتی ہے۔ وہ اپنا استعفی

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

تحریری طور پر جنرل سیکریٹری کے توسط سے دیگا/ گی۔ اور ضلعوں میں یہ اختیار ضلعی کمیٹی کو کمیٹی کو ہوگا۔

پولیٹکل ایڈویزر/ پولیٹکل ایڈویزر تمام سیاسی پارٹیوں سے رابطے میں رہے گا۔ اور تمام سیاسی امور پر اعلیٰ مشاورتی میٹی، صدر اور جنرل سیکریٹری سے مشاورت کا پابند ہوگا اور بعد منظوری اس کی تشہر کرنے کے اسباب مہیا کرے گا۔

ڈپٹی پولیٹکل ایڈویزر

پولیٹکل ایڈویزر کی عدم دستیابی پر اس کے تمام فرائض سرانجام دے گا، اور سیاسی امور میں معاونت فراہم کرئے گا۔

ایڈویزر اور سیز پاکستانی:

اورسیز پاکستانیوں کو بی اے پی کے سیاسی پلیٹ فارم پر متعد کرنے کے مربوط اقدامات عمل میں لائے گا۔ اعلیٰ مشاورتی کمیٹی اور پارٹی کی اعلیٰ قیادت کو پورٹ پیش کر کے اورسیز پاکستانیوں کو درپیش مسائیل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کے ساتھ بلوچستان کو معاشی مستحکم بنانے کے ساتھ ہم وطنوں کو متحد کرتے ہوئے اُن کے حقوق کے تحفظ کے بلوچستان قدرتی وسائیل سے مستفید ہونے کے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے صوبے میں سازگار پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔

ایڈیشنل یڈیشنل ایڈویزر اورسیز پاکستانی:

ایڈوئیزر اورسیز پاکستانی کی عدم دستیابی پر اس کے تمام فرائض سرانجام دے گا، اور سیاسی امور میں معاونت فراہم کرئے گا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

ضلعی تنظیم

ضلعی جنرل کونسل ضلع کا سب سے بااختیار ادارہ ہوگا وہ ضلعی کمیٹی / عہدیداروں اور مرکزی جنرل کونسل کے عہدیداروں کا انتخاب کرے گا۔اور ضلع میں اسے وہی اختیارات ہوں گے جو مرکزی جنرل کونسل کو حاصل ہیں۔ ضلعی جنرل کونسل کے لیے عہدیداروں کی تعداد کا تعین ضلعی کمیٹی جنرل کونسل سے پہلے کرے گی۔اور تنظیمی صورت حال کے مدنظر مرکزی کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ ایک سے زیادہ اضلاع شہر یا علاقوں کی ایک تنظیم تشکیل دے، ضلعی کمیٹیاں اپنے اضلاع میں ترقیاتی کاموں کی ترجیعات مرکزی کمیٹی کو بھیجیں گی، اوراس پر منشور کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

3.8 بنیادی یونٹ

یہ پارٹی کا بنیادی ادارہ ہوگا جو فیکٹری، ادارے، گاوں، گلی، گوٹھ، وارڈ، یونین کونسل، ضلع و تحصیل۔تعلقہ، محلے یا علاقے کی بنیاد پر قائم ہوگا، ایک یونٹ کم از کم پانچ اراکین کی بنیاد پر قائم ہوگا۔ ہر یونٹ کی متعلقہ ضلعی کمیٹی سے منظوری لازم ہوگی۔ یونٹ کا ایک سیکریٹری اور کمیٹی مقرر کی جائیگی۔ ہر یونٹ پندرہ روز میں اپنا اجلاس منعقید کرے گا۔ اس کا فرض ہے اپنے اراکین سے ماہانہ چندہ وصول کر کے ضلعی پارٹی کو دے گا۔ پارٹی پروگرام اور پارٹی پالیسی علاقے میں تشیعر کرے۔اور پارٹی فیصلوں کی پابندی کرے۔ تمام اجلاسوں کا ریکارڈ تحریری صورت میں موجود ہوگا، ہر تین ماہ بعد تمام میٹنگ کی تفصیلات صدر اور جنرل سیکریٹری کو فراہم کرئے گا۔ ضلعی صدر اور جنرل سیکریٹری پر لازم ہوگا کہ وہ تمام ریکارڈ آئی ٹی ونگ کو فراہم کرئے گا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3284

چوتھا باب

جمہوری حقوق اور نظم وضبط

4.1 پارٹی کے تمام ادارے منتخب ہوں گے۔اور اس جنرل کونسل کو جوابدہ ہوں گجس نے انہیں منتخب کیا ہے۔ پارٹی کی وحدت کو قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہر کارکن اور پارٹی کا ہرادارہ پارٹی لائحہ عمل کے مطابق جدوجہد کرتے ہوئے پارٹی کے تحت دستور اور تمام اصولوں کی پاسداری کرے گی۔ پارٹی کے تمام فیصلے جمہوری طور پر مباحثے کے بعد ممکنہ حدتک اتفاق رائے سے اور اختلاف رائے کی صورت میں کثرت رائے سے کئے جائیں گے۔جن کی پاسداری سب پر لازم ہوگی۔

4.2 پارٹی کے ہر رکن یہ حق رکھتا ہے کہ وہ پارٹی کے اداروں کے اندر بحث ومباحثہ کے بعد ادارہ اس کے فیصلے کا پابند ہوگا۔اقلیت کو اکثریت کے فیصلے کی پابندی کرنی ہوں گی لیکن ہر رکن یا ادارے کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی مسلے پر اپنے اختلافی نقطہ نظر کو تحریری طور آگاہ کرے گی، بالائی ادارے کے فیصلے کی پابندی ذیلی ادارے پر لازم ہوگی۔ کسی بھی شکایت اور تعفصات کی صورت میں مسائیل مرکزی کمیٹی سے تحریری طور پر رجوع کرے گا۔

4.3 ہر پارٹی یونٹ اور ادارے کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ وقتا فوقتا اپنی انفرادی واجتماعی سرگرمیوں اور کارکردگی کا جائزہ لے اور زیادہ موثر بنانے کے لیے اقدامات کرے اور ایسے جائزوں اور کارکردگی کی تحریری رپورٹ متعلقہ پارٹی اداروں کو ارسال کرے۔

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

4.4 پبلک میں کام کرنے والا ممبر پارٹی کے ڈسپلن اور جمہوری اقدار کے دائرے میں کام کرے گا اور اپنی پوزیشن سے کوئی مالی فائدہ نہیں اٹھائے گا۔

4.5 تمام اجلاسوں کی کاروائی تحریری کی جائے گی اور سرگرمیوں کی رپورٹ متعلقہ ادارے کے اراکین اور متعلقہ بالائی ادارے کی دسترس میں ہوگی۔ کسی بھی ادارے کی تحریری کاروائی کو ہدف کرنے کا اختیار متعلقہ کمیٹی کو ہوگا۔

4.6 پارٹی کے ہر رکن اور ادارے کے لیے لازم ہوگا کہ وہ پارٹی منشور، دستور، تمام فیصلوں، اور پارٹی ضابطہ اخلاق کی پابندی کرے (ضابطہ اخلاق پارٹی مرکزی کمیٹی مرتب کرے گی) بالائی ادادرہ تحریری نوٹس جاری کرے گا متعلقہ رکن یا ادارہ تحریری طور پر جواب دیگا اور اسے صفائی کا پورا موقع دیا جائے گا۔ خلاف ورزی کی نوعیت کے مدنظر تحقیقات کمیٹی بھی مقرر کی جاسکتی ہے۔ جو اپنی رپورٹ کو پیش کرے گی۔ فیصلہ متعلقہ ادارہ ہی کرے گا۔ ڈسپلن کی خلاف ورزی پر کسی کو عہدے یا رکنیت سے معطل کیا جاسکتا ہے اور الزام ثابت ہونے پر رکنیت ختم کی جاسکتی ہے۔

4.7 ہر فیصلے سے متاثر رکن یا ادارے کو اپیل کا حق ہوگا جو اوپر والے ادارے کے پاس کی جاسکتی ہے۔ اپیل یا حتمی فیصلوں کا حق مرکزی کمیٹی کے پاس ہوگا۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
IBS # 3244

پانچوں باب

پارٹی انتخابات

5.1 پارٹی کے تمام ادادرے منتخب ہوں گے اور تمام انتخابات ہرادارے کے انتخاب کے لیے دیے گے طریقہ کار کے مطابق ہوں گے۔ مرکزی اور ضلعی کمیٹیاں اپنی اپنی سطع پر انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن مقرر کریں گے جن کی تعداد متعلقہ کمیٹی کرے گی جو متعلقہ اداروں کے انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن مقرر کریں گے جن کی تعداد بھی متعلقہ کمیٹی کرے گی جو متعلقہ اداروں کے انتخابات کے ذمہ دار ہوں گے۔ پارٹی عہدیداروں کی مدت تین سال ہوگی۔

5.2 اپیل کمیشن

مرکزی کمیٹی ممبران پر مشتمل ایک پانچ رکنی اپیل کمیشن منتخب کرے گی۔ اپیل کمیشن کسی بھی انتخابی شکایت یا اپیل پر فیصلے سے قبل انکوائری کر سکتا ہے اپیل کمیشن کے فیصلے کی حتمی منظوری مرکزی کمیٹی دے گی۔

Ejaz Haider Tarean
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

چھٹاباب

ملکی پارلیمانی انتخابات

6.1 ملک میں تمام پارلیمانی انتخابات میں حصہ لینے کے لیے پارٹی امیدوارں کے تعین کے لیے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی بورڈ تشکیل دے گی پارلیمانی بورڈ ٹکٹوں کا فیصلہ کرتے وقت ضلعی کمیٹوں کی سفارشات کو ترجعی دے گا۔ انتخابات میں حصہ لینے کے خواہش مندارا کین اپنی درخواست پارلیمانی بورڈ کو بھجوائیں گے۔ پارٹی ٹکٹ جاری کرنے کے لیے پارلیمانی بورڈ کا فیصلہ تمام اراکین پر لازم ہوگا لیکن اس کے خلاف مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی میں اپیل کی جاسکے گی جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

6.2 پارلیمانی بورڈ کو پارٹی ٹکٹ کے لیے درخواست کے ساتھ فیس کا تعین کا حق ہوگا۔ جس کی ادائیگی امیدواررکن کے لیے لازمی ہوگی۔ پارلیمانی بورڈ قواعد وضوابط جاری کر سکتا ہے۔

6.3 بلدیاتی انتخابات کے لیے مرکزی بورڈ کے فیصلے کے خلاف مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے اپیل کی جاسکے گی جس کا فیصلہ حتمی ہوگا،

6.4 احتساب کمیٹی

پارٹی کے مرکزی اکزیگٹو کمیٹی ایک ذیلی (پانچ رکنی) بااختیار احتساب کمیٹی تشکیل

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
ISB # 3244

دینے کی پابند ہوگی، جو کہ منتخب پارلیمنٹیرین کی کارکردگی پر نظر رکھے گی اور ہر تین ماہ بعد مرکزی کمیٹی کو تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی پابند ہوگی۔

ساتواں باب

7.1 پارٹی فنڈ اور مالیاتی معاونت

(۱) پارٹی میں ہر سطح پر مالی حساب باضبطہ شفاف اور تحریری طور پر رکھا جائے گا۔ اس کی ہر متعلقہ ادارے میں باقاعدہ رپورٹنگ کی جائے گی۔ مرکزی سطح پر پارٹی فنڈ کے لیے باقاعدہ بینک اکاونٹ کھولے جاسکتے ہیں۔

(۲) بنیادی طور پر پارٹی فنڈ کا انحصار پارٹی کے اراکین، عہدیداروں اور ہمدردوں پر ہی ہوگا۔ مرکزی کمیٹی فنڈ جمع کرنے کے لیے اور طریقہ کار کے بارے میں فیصلہ کرسکتی ہے۔ یا خصوصی فنڈ کی اپیل کرسکتی ہے۔

(۳) پارٹی رکنیت کی تمام فیس، مقامی یونٹ۔ ضلعی کمیٹی کے ذریعے مرکزی کمیٹی کو ادا کریں گے۔

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی

Ejaz Haider Tareen
BS # 3244

57

(۴) پارٹی اراکین سے ماہانہ فیس پارٹی بنیادی یونٹ وصول کریں گے۔اور وصول شدہ رقم کا25% حصہ بنیادی یونٹ،25% ضلع ،50% مرکز کے درمیان تقسیم کیا جائے گا۔

7.2 ادارہ تعلیم وتربیت

پارٹی اپنے اراکین اور ہمدردوں کی سیاسی تعلیم وتربیت کے لیے ایک ادارہ تشکیل دے گی یہ ادارہ تقریر وتحریر،طباعت واشاعت،اجتماع ذریعوں اورصورتوں اور حسب ضرورت اقدامات کو کام میں لائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Original Seen

Ejaz Haider
IBS # 3244

جنرل سیکرٹری
بلوچستان عوامی پارٹی